بی۔ آر فلمز کا تیار کردہ

एक-ही-रास्ता

ایک ہی راستہ

ستارے

اشوک کمار۔ مینا کماری۔ سنیل دت۔ جیون وغیرہ

قیمت ار

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانے

ایک ہی راستہ کے

گانا نمبر ۱

چلی گوری پی سے ملن کو چلی — ہیمنت کمار

نیناں باوریا من میں سانوریا

چلی گوری....

ڈار کے کجرا لٹ بکھرا کے

ڈھلتے دن کو رات بنا کے

کنگنا کھنکاتی بندیا چمکاتی

چھم چھم ڈولے سجنا کی گلی

چلی گوری....

کومل من نے سپنوں کو جگایا

ہو گئی بیرن اپنی ہی چھایا

گھونگھٹ کھولے ناکچھ بولے

راہ چلت سنبھلی سنبھلی

چلی گوری....

گانا نمبر ۲

سانولے سلونے آئے دن بہار کے — ہیمنت کمار اور

جھومتے نظارے جھومے رنگ ڈار کے

ندی کنارے کوئل پکارے

آیا زمانہ گا دو گیت پیار کے

جھوم کے پون دیکھو چلی چلی

پیار کے نشے میں کھلی کلی کلی
پھولوں کے در پہ یہ بھنورا پکارے
آئے دیوانے تیرے انتظار کے
سانورے سلونے....

ڈولتی گھٹا کے سنگ ڈولے جیا
باغ میں پپیہا بولے پیا پیا
رُت رنگیلی کیسے کرکے اشارے
چھیڑو نہ دِل بیقرار کے
سانورے سلونے...

گانا نمبر ۳

چمکا ہے کرن کا تارا
پریم کی دھرتی دیش ہمارا

جے جے ہندوستان جے جے ہندوستان
امن کے دشمن جنگ کے بیٹے بدل گئے ہر چال
ان کے سامنے جا ٹکرایا ویر جواہر لال
دنیا نے اک سانس پکارا جے جے ہندوستان.....
جنگ کے ہاتھوں کتنی چوڑیاں ہوتیں چکنا چور
جل جاتا بانہوں میں کتنی مانگوں کا سیندور
تجھ سے ہے سنگار ہمارا۔ جے جے ہندوستان....
دھرتی ماتا جھوم رہی ہے بھول دُنیا جنگ
کیا پیلے کیا گورے کالے مل گئے تینوں رنگ
جھنڈا اونچا رہے ہمارا۔ جے جے ہندوستان...

گانا نمبر ۴

بڑے بھیا لائے ہیں لندن سے چھوری
دلا دو ہمیں بھی دلہن گوری گوری
جُڑ دو نا آدھے ہیں ہم جانے کب ہوں گے پورے
سب تو رچائیں شادی ہم ہی پھریں لنڈورے
کہیں کر نہ ڈالیں ہم دلہن کی چوری
دلا دو ہمیں ....
چھولے جو دونوں گال تو منہ لال ہو گیا
اپنا تو مارے رنج کے یہ حال ہو گیا
دیکھیں کوئی برات تو ہم روئیں زار زار
دلہن کا نام سن سن کے دل ہوئے بیقرار
پڑوں دیکھو اماں جی پیّاں ہیں توری
دلا دو ہمیں .....

گانا نمبر ۵

بھولا بچپن دکھی جوانی بھی سونی راہوں میں
نکلے درد لئے منزل کا دو خاموش نگاہوں میں
کون کہے راہی کو کتنی دور تک کہاں جانا ہے
جیون کی سنسان ڈگر میں کب تک ٹھوکر کھانا ہے
سو جا ننھے میرے تو تو سو جا
جاگنے کو پڑے ہیں ابھی دن تیرے
تو تو سو جا ....
لوٹ کر پھر نہ آئیں گے بچپن کے دن

کھو جا سپنوں میں تو میرے آنسو نہ گن
تیرا ننھا سا دل میرا غم کیوں کرے
تو تو سو جا......

میرا ساتھی چھٹا میری قسمت لٹی
آنسوؤں کی تو اب ہے میری زندگی
جاگنا میری تقدیر ہے بادرے — تو تو سو جا.....
سو جا مجھے میرے.....

گانا نمبر ۷

کیسی لگی کیسی لگی جائے تو جائے جیا
لاگی نہ چھوٹے ایسی لگی —

کوٹھے پہ میں تو کھڑی تھی بھولے پن میں
چوری چوری کوئی سمایا میرے من میں
دھیرے سے بولا جیا کیسی لگی......

جیا نہ مانے کہ رک رک مچلے
گوری یہ پکارے نچے تو ذرا نچ لے
ہائے رے ہائے دیا کیسی لگی.....

ڈر کے مارے کلیجہ مورا دھڑکے
کیسے مورا سیاں یہ خبری پکڑ کے
لاگوں میں تورا پیا۔ کیسی لاگی....

گانا نمبر ۸

اڑاتے ہیں میرے غم کی ہنسی تیرے جہاں والے
تماشا دیکھ لے تو بھی تماشا دیکھنے والے

بجس کی آبرو کو نیلام کر کے چھوڑا
آخر تیرے جہاں نے بدنام کر کے چھوڑا
ہم آنسوؤں کو پی کر بیٹھے تھے مسکرانے
دیکھا گیا نہ تجھ سے تڑپا بھی او زمانے
چھوٹی سی آرزو کو ناکام کر کے چھوڑا
پہلے تو غم دیا پھر غم کی ہنسی اڑائی
ظالم ہے تیری دنیا مالک تیری دہائی
تیرے جہاں نے تیرا بھی نام کر کے چھوڑا
(ختم شد)

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گویوں کا گورو

یہ ۵۵۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چنیدہ گانے چھاپے گئے ہیں۔ جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ گیتا بالی۔ مینا جی۔ ریحانہ۔ وجنتی مالا۔ اوشا کرن۔ نروپا رائے۔ شکیلہ۔ نیتا رائے۔ شیاما اور اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیو آنند۔ کشور کمار۔ پردیپ کمار۔ راج کپور۔ شمی کپور۔ بھارت بھوشن۔ ادم وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے اور اپنے آپ [illegible] ہوتا ہے۔

قیمت صرف ۔/۱ علاوہ محصولڈاک معاف

بغیر استاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانے والی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۔ 1|8| محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

زین ایجنسی بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی